
یہ ہیلی کاپٹر سے لی گئی تصویر ہے۔ آپ راج پتھ کو دیکھ سکتے ہیں۔ جو انڈیا گیٹ اور راشٹرپتی بھون کو ملاتی ہے۔ آدیتی راج پتھ پر کہاں بیٹھی ہوگی۔ اس جگہ پر نشان لگائیے۔






## نقشے اور تصویر کو ملائیے

1) کیا آپ نے کسی شہر کا نقشہ دیکھا ہے؟ نقشہ 1 کو دیکھیے ۔ اسے تصویر سے ملائیے اور بتائیے کہ انڈیا گیٹ کہاں ہے۔ نقشہ پر اس کی تصویر بنائیے۔

2) نقشہ کے اس حصے میں کچھ سڑکیں دکھائی گئی ہیں ۔ انھیں تصویر میں تلاش کیجیے۔


3) راشٹرپتی بھون سے انڈیا گیٹ جاتے وقت کون کون سی سڑکیں راستے میں آئیں گی؟

4) نقشہ 1 میں نیشنل اسٹیڈیم کو تلاش کیجیے۔ کیا آپ اسے تصویر میں تلاش کر سکتے ہیں؟

# 8 اپنے راستے کا نقشہ بنانا

آشی اپنے اسکول کے بچوں کے ساتھ یوم جمہوریہ کی پریڈ دیکھنے انڈیا گیٹ گئی۔ جیسے ہی سب لوگ بیٹھے انھوں نے لاؤڈ اسپیکر پر انڈیا گیٹ کے بارے میں سنا ''صدر جمہوریہ کے دائیں جانب انڈیا گیٹ ہے۔اسے پہلی عالمی جنگ میں شہید ہوئے ہندوستانی فوجی جوانوں کی یاد میں بنوایا گیا تھا۔''

بہت سے لوگ راج پتھ کے دونوں طرف بیٹھے ہوئے ہیں۔یہیں سے پریڈ گزرتی ہے۔ بچے چاروں طرف دکھائی دینے والی عمارتوں کے بارے میں باتیں کررہے ہیں۔



## پریڈ کا انتظار


پریڈ کا انتظار کرتے ہوئے کانچا اور اس کے دوست سوچ رہے تھے کہ یہ پریڈ کہاں ختم ہوگی۔ کانچا کے پاس وہ اخبار ہے جس میں پریڈ کا راستہ دکھایا گیا ہے۔

وجے چوک — راج پتھ — انڈیا گیٹ — تلک مارگ — بہادر شاہ ظفر مارگ — سبھاش مارگ — لال قلعہ۔



## مرکزی چھ ضلعی

اگر ہم نقشے کے کسی حصہ کو قریب سے دیکھنے کے لیے بڑا کریں تو یہ کچھ اس طرح دکھائی دے گا۔



نقشہ 2

پیلے رنگ کے علاقے کی شکل پر غور کیجیے، کیا آپ نے یہ شکل پہلے دیکھی ہے؟ اس میں کتنے ضلعے ہیں؟

اس جگہ کو مرکزی چھ ضلعی کہا جاتا ہے۔

### نقشے سے معلوم کیجیے۔

1) اگر آپ راج پتھ پر چل رہے ہیں تب انڈیا گیٹ کے بعد آپ کے کس جانب چلڈرن پارک ہوگا؟

2) ان میں سے کون سی سڑکیں آپس میں سب سے بڑا زاویہ بناتی ہیں۔

a) مان سنگھ روڈ اور شاہ جہاں روڈ

b) اشوک روڈ اور مان سنگھ روڈ (انڈیا گیٹ سے دور بننے والا زاویہ)


c) جن پتھ اور راج پتھ

3) ان میں سے کون سی سڑکیں زاویہ قائمہ بناتی ہیں؟

## لال قلعہ کا سفر

”جب ہم لال قلعہ پہنچے تو وہاں ٹکٹ کے لیے لمبی قطار لگی تھی۔ اصل داخل ہونے کے دروازے کو **لاہوری گیٹ** کہتے ہیں۔ اس میں داخل ہونے کے بعد ہم بائیں طرف ایک لمبے برآمدے میں پہنچے جس کے دونوں طرف چھوٹی چھوٹی دوکانیں ہیں۔ اس جگہ کو **مینا بازار** کہتے ہیں۔ وہاں سے میں نے اپنی بہن کے لیے چوڑیاں خریدیں“۔







لاہوری گیٹ



مینا بازار




اسکیل پیمانہ : 1 سینٹی میٹر= 100 میٹر




## راستے پر نشان لگائیے

1) نقشہ 3 میں پریڈ کا راستہ تلاش کیجیے اور انڈیا گیٹ اور راج پتھ پر نشان لگائیے۔

2) نقشے کو دیکھیے اور معلوم کیجیے:

a) ان میں سے کون سی سڑک سب سے لمبی ہے؟

- بہادر شاہ ظفر مارگ
- سبھاش مارگ
- تلک مارگ

b) اگر روبیہ جامع مسجد سے پریڈ دیکھنے آرہی ہے تو اندازہ لگائیے کہ اُسے کتنی دوری طے کرنی پڑے گی۔

c) پریڈ کا پورا راستہ تقریباً کتنا لمبا ہے؟


- 3 کلومیٹر
- 16 کلومیٹر
- 25 کلومیٹر
- 8 کلومیٹر

جیسے جیسے پریڈ آگے بڑھی انھوں نے کچھ بچے ہاتھی پر آتے ہوئے دیکھے۔ یہ وہی بچے ہیں جنھیں بہادری کے لیے انعامات دیے گئے۔ اس کے بعد الگ الگ اسکولوں کے بچوں نے طرح طرح کے رقص (ناچ) اور کرتب دکھائے۔

بچے پریڈ کے ساتھ لال قلعہ تک جانا چاہتے تھے۔ گپو لال قلعہ پہلے دیکھ چکا تھا تو وہ باقی بچوں کو اس کے بارے میں بتانے لگا۔


بچوں کو پیمانے کی ضرورت کو سمجھنا چاہیے۔ جب ہم ایک بڑا رقبہ چھوٹے سے کاغذ پر دکھاتے ہیں تو ہمیں ہر حصہ کو اس کی مستقل نسبت سے تحویل (کم کرنا) کرنا پڑتی ہے۔ تاکہ جگہوں کے درمیان فاصلے اور پوزیشن میں کوئی تبدیلی نہ آئے۔

## بڑا بنائیے، چھوٹا بنائیے۔




1 سینٹی میٹر گرڈ

یہاں کچھ تصویریں 1 مربع سینٹی میٹر کے گرڈ (مربعوں کا مجموعہ) پر بنائی گئی ہیں۔ ان تصویروں کو 2 سینٹی میٹر کے گرڈ پر بنانے کی کوشش کیجیے اور $\frac{1}{2}$ سینٹی میٹر کے گرڈ پر بھی۔ ایک تصویر پہلے ہی بنا دی گئی ہے۔



$\frac{1}{2}$ سینٹی میٹر گرڈ




2 سینٹی میٹر گرڈ

ایک مربع کے ضلعے کو دو گنا بڑا بنایا گیا ہے۔ کیا اس کا رقبہ بھی دو گنا بڑا ہو جائے گا؟


جماعت کے فرش یا مٹی کے میدان وغیرہ پر تصویروں اور نقشوں کو بڑا یا چھوٹا کیا جا سکتا ہے۔ اس عمل کو نقشوں میں پیمانے کے استعمال کے ساتھ جوڑیئے۔ جس سے چھوٹا یا بڑا کرنے پر شکل نہیں بدلتی ہے۔

نقار خانہ — جہاں بادشاہ کا پیغام سنانے کے لیے نقارے پیٹے جاتے تھے۔



" آپ سیدھے **نقار خانے** سے ہوتے ہوئے **دیوان عام** میں پہنچ سکتے ہیں۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں بادشاہ عام لوگوں سے ملاقات کرتے تھے۔"

**دیوان عام** سے سیدھے چلتے ہوئے ہم نے **رنگ محل** دیکھا۔ یہ ایک خوبصورت عمارت ہے۔ ہمارے بائیں طرف تین عمارتیں اور تھیں۔ ان عمارتوں کو نقشے میں تلاش کیجیے۔







ہم رنگ محل سے بائیں طرف مڑ کر **دیوان خاص** پہنچے۔ جہاں بادشاہ اپنے وزیروں اور خاص لوگوں سے ملاقات کرتے تھے۔

دائیں جانب سے —
رنگ محل، آرام گاہ اور دیوانِ خاص



رنگ محل کے اندر



دیوان خاص کے اندر

## نقشہ 4 میں تلاش کیجیے

a) ان میں سے کون سی عمارت جمنا ندی سے زیادہ قریب ہے؟ دیوانِ عام یا دیوانِ خاص؟


b) کون سی دو عمارتوں کے درمیان آرام گاہ ہے؟

c) رنگ محل سے حمام کی طرف جاتے ہوئے آپ کون کون سی عمارتوں کے سامنے سے گزریں گے؟

d) اس نقشے میں مینا بازار سے سب سے دور کون سی عمارت ہے؟

e) لاہوری گیٹ سے دیوانِ خاص تقریباً کتنی دوری پر ہے؟

نیچے دیے گئے ہندوستان کے نقشے کو دیکھیے اور ان صوبوں کو تلاش کیجیے جن کے بارے میں بچے بات چیت کر رہے ہیں۔ سوالوں کے جواب دیجیے:




1) کرناٹک کی ٹیم بنگلور سے چلی اور شمال سمت کی جانب بڑھی۔ دہلی پہنچنے کے لیے اسے کن صوبوں سے گزرنا پڑا ہوگا؟

کیوں کہ بچوں کو پہلی مرتبہ سمتوں سے روشناس کرایا گیا ہے۔ بہت سی سرگرمیوں کی ضرورت ہے جیسے کہ 'شمال کی جانب' جنوب کی جانب، مشرق سمت میں، مدھیہ پردیش کے مغرب میں وغیرہ۔ زمین پر نقشے بنا کر بچوں کو ہی نقشے پر کھڑا کیا جا سکتا ہے جس سے وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ وینکٹ شانتی سے جنوب کی طرف ہے، مہاراشٹر گجرات سے مشرق کی طرف ہے، وغیرہ۔

### کوشش کیجیے —


یہ نقشہ 3 (پریڈ کے راستے) کا ایک حصہ ہے۔

1) کیا آپ پہچان سکتے ہیں کہ یہ نقشے کا کون سا حصہ ہے؟


2) اب اسے 2 سینٹی میٹر گرڈ میں بڑا بنانے کی کوشش کیجیے۔ یاد رکھیے کہ نقشے کی شکل نہ بدلے۔

3) اگر پریڈ کے راستے کا نقشہ چھوٹا ہے اور انڈیا گیٹ اور وجے چوک کے درمیان 2 سینٹی میٹر کا فاصلہ ہے تو اس کا پیمانہ کیا ہوگا؟

- نقشے پر 1 سینٹی میٹر = زمین پر 1 کلومیٹر
- نقشے پر $\frac{1}{2}$ سینٹی میٹر = زمین پر 1 کلومیٹر
- نقشے پر 2 سینٹی میٹر = زمین پر 1 کلومیٹر



1 سینٹی میٹر گرڈ



2 سینٹی میٹر گرڈ


## مختلف صوبوں سے آئے ہوئے رقاص

بچوں نے پریڈ میں بہت سی جھانکیاں اور رقص کرنے والے دیکھے۔



## سمندر

بالا سمندر کے کنارے کھڑی پھیلے ہوئے سمندر کو دیکھ رہی ہے۔ سمندر کبھی نہ ختم ہونے والا دکھائی دیتا ہے۔



کیا آپ نے سمندر دیکھا ہے؟ تصویر میں سمندر کہاں ہے؟ اب ہندوستان کے نقشے میں سمندر کو تلاش کیجیے۔ سمندر کو کس رنگ سے دکھایا گیا ہے؟

* ان ریاستوں پر نشان لگائیے جن کے ایک طرف سمندر ہے۔
* ایک ایسی ریاست کا نام بتائیے جس کے کسی بھی طرف سمندر نہیں ہے۔

## معلوم کیجیے

الگ الگ نقشوں کو دیکھیے۔ مقامی علاقے کا نقشہ، ہندوستان کا نقشہ اور دنیا کے نقشے کے لیے استعمال کیے گئے پیمانوں کا موازنہ کیجیے۔

## ریاستوں کے درمیان خطوط

صابو ریاستوں کے درمیان بنے خطوط کو دیکھ کر سوچ میں پڑ گیا۔



2) جموں اور کشمیر دہلی سے **شمال** کی طرف ہے اس لیے وہاں سے آنے والی ٹیم کو دہلی پہنچنے کے لیے جنوب کی طرف چلنا پڑے گا۔
ٹیم کون کون سے صوبوں سے ہو کر گزرتی ہے؟

3) نونو گجرات میں رہتا ہے۔ نونو کا دوست جاوید مغربی بنگال میں رہتا ہے۔ نونو اپنے دوست کے پاس جانا چاہتا ہے۔ وہ کون سی سمت میں سفر کرے گا؟



a) مغرب کی طرف
b) مشرق کی طرف
c) جنوب کی طرف
d) شمال کی طرف

4) کیا جموں اور کشمیر کے شمال میں کوئی صوبہ ہے؟

5) کیا گجرات کے مغرب میں کوئی صوبہ ہے؟

6) **اگر نقشے پر 1 سینٹی میٹر، زمین پر 200 کلومیٹر دکھاتا ہے** تو معلوم کیجیے کہ:

A) دہلی، جے پور سے کتنے فاصلے پر ہے۔

a) 50 کلومیٹر b) 500 کلومیٹر c) 250 کلومیٹر

B) اندازہ لگایئے کہ جے پور سے بھوپال کتنے فاصلے پر ہے؟

نقشے پر= ____________ سینٹی میٹر

زمین پر= ____________ کلومیٹر


7) نقشے کو دیکھیے اور بتایئے:

a) کون سا صوبہ چار دوسرے صوبوں سے گھرا ہوا ہے؟

b) کون سے صوبے کا رقبہ سب سے زیادہ ہے؟ اگر اس کا نام نقشے پر نہیں ہے تو اپنے استاد یا والدین سے معلوم کیجیے۔
بتایئے آپ کو اس کا جواب کس طرح ملا۔

c) کون سا صوبہ سکّم سے تقریباً 8 گنا بڑا ہے۔

- اتر پردیش
- تری پورا
- مہاراشٹر
- ہماچل پردیش



d) راجستھان کا رقبہ پنجاب کے رقبہ سے کتنا گنا زیادہ ہے؟


1) اسمبلی گراؤنڈ کا رقبہ دفتر کے رقبے سے کتنے گنا بڑا ہے؟

2) ہر کلاس روم کی لمبائی اور چوڑائی کتنی ہے؟

a) لمبائی 5 میٹر، چوڑائی 4 میٹر
b) لمبائی 2 میٹر، چوڑائی 1 میٹر
c) لمبائی 12 میٹر، چوڑائی 10 میٹر
d) لمبائی 5 میٹر، چوڑائی 5 میٹر

3) آشی کے اسکول کے تمام کلاس روم اس طرح دکھائی دیتے ہیں۔

**نقشہ 8**




غور سے دیکھیے اور جواب دیجیے۔

a) ان میں سے کون تختہ سیاہ کے بالکل سامنے ہے؟


* الماری، کھڑکی، نوٹس بورڈ، ڈسپلے بورڈ

b) ایک مرتبہ پھر اسکول کے نقشے کو دیکھیے۔ اندازہ سے نشان لگائیے کہ یہ کہاں ہوں گے:

* III A اور VII میں تختہ سیاہ
* IV اور X میں الماری
* V اور VI B میں نوٹس بورڈ
* II میں درمیانی قطار کی آخری نشست
* I میں ڈسپلے بورڈ

c) کیا III A میں بیٹھا ہوا بچہ کھیل کا میدان دیکھ سکتا ہے؟

نقشہ 6




پیمانہ: 10 کلومیٹر = نقشے پر 1 سینٹی میٹر

## شہروں کے درمیان فاصلے

یہ پانچ شہر ہیں۔ معلوم کیجیے:

1) نقشے پر اڈلی پور سے برفی نگر کتنے سینٹی میٹر دور ہے؟

2) اگر اڈلی پور سے برفی نگر جانا پڑے تو آپ کو کتنے کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنا پڑے گا؟

3) اڈلی پور اور برفی نگر کے درمیان آدھے راستے پر ایک جگہ تھکپا گرام ہے۔ 'T' سے اس کی نشان دہی کیجیے۔

4) جلیبی پور نام کا ایک شہر چھولا گھاٹ اور ڈھوکلا آباد دونوں سے 35 کلومیٹر دور ہے۔ آپ کے مطابق یہ کہاں ہو سکتا ہے؟ اس کی نشاندہی 'J' سے کیجیے۔


5) بھیل پور اور چھولا گھاٹ کے درمیان راستے کی دوری معلوم کیجیے (آپ ایک دھاگے کا استعمال کر سکتے ہیں)۔

## آشی کا اسکول

آشی کا اسکول اوپر سے اس شکل کی طرح دکھائی دیتا ہے۔

نقشے کو غور سے دیکھیے اور مربعے گن کر معلوم کیجیے:

نقشہ 7




پیمانہ: 2 سینٹی میٹر = 5 میٹر